زونگ فور جی نیشنل ٹی ٹونٹی کپ، شائقین کرکٹ کو اسٹیڈیم لانے کے اقدامات

لاہور، 11 اکتوبر 2019ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے فیملیز کواسٹیڈیم کی طرف راغب کرنے کے لیے اہم قدم اٹھایا ہے۔ پی سی بی نے زونگ فور جی نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے دوران ا قبال اسٹیڈیم میں موجود جاوید میانداد اانکلوژرکو فیملیز کے لیے مختص کردیا ہے۔

پی سی بی کا یہ قدم والدین کو بچوں کے ہمراہ اسٹیڈیم آکر قومی ٹی ٹونٹی اسٹارز کو ایکشن میں دیکھنے کا موقع فراہم کرے گا۔

جاوید میانداد انکلوژر کی ٹکٹ 200 روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں باقی تمام انکلوژرز کی ٹکٹ 100 روپے مقرر کی گئی ہے۔

پی سی بی کی جانب سے اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد کی طرف آنے والے راستوں پر ٹکٹ بوتھس بنادئیے گئے ہیں۔ ٹکٹ بوتھس کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

- ریاض شاہد چوک، اسٹیڈیم روڈ
- عمر مسجد ڈی پی ایس اسکول، جیل روڈ
- مین گیٹ، کمشنر آفس نزد لاری اڈا

ان بوتھس کے علاوہ شائقین کرکٹ کے لیےٹکٹ ٹی سی ایس کے مخصوص سنٹرز میں بھی دستیاب ہوں گے۔جن کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

- کنال روڈ ایکسپریس سنٹر
- ہریانوالہ چوک ایکسپریس سنٹر

- کلاک ٹاؤر ایکسپریس سنٹر

بابر حامد، ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد کا کہنا ہےکہ طویل عرصے بعدفیصل آباد میں ٹی ٹونٹی کرکٹ کے مقابلے ہونے جارہے ہیں۔ اس دوران پی سی بی والدین کو بچوں کے ہمراہ اسٹیڈیم کا رخ کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایونٹ کے دوران شائقین کرکٹ اپنے پسندیدہ اسٹارز کو بھرپور ایکشن میں دیکھیں گے۔

بابر حامد نے کہاکہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے فیملیز کی آسانی کو پیش نظررکھتے ہوئے جاوید میانداد انکلوژر کو صرف فیملیزکے لیے مختص کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پی سی بی نے ایونٹ کے لیے ٹکٹوں کے نرخ کم رکھے ہیں تاکہ کرکٹ کے مداح بڑی تعداد میں اسٹیڈیم کا رخ کرسکیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk